سوال نمبر4350

منجانب: جناب عنایت اللہ صاحب رُکن، صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

نمبر شمار	سوال	جواب
	کیاوزیرِ مواصلات و تعمیرات اِرشاد فرمائیں گے کہ	
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی بنوں ڈویژن میں شامل اضلاع کے دفاتر میں ناکارہ، خراب اور ناقابل استعمال اسکریپ سرکاری گاڑیاں، ٹرک و مشنیریاں عرصہ دراز سے موجود ہیں؟	جی ہاں۔
(ب)	اگر (الف) کا جوابات اثبات میں ہو تو:۔ i. بنوں ڈویژن میں شامل اضلاع کے نام اور اُن دفاتر میں ناکارہ، خراب اور ناقابل استعمال اسکریپ سرکاری گاڑیوں، ٹرک و مشنیری کی تفصیل فراہم کی جائے۔ ii. مذکورہ گاڑیاں و مشینری کب سے پڑی ہے نیز خرابی نوعیت و مرمت کی لاگت کی تفصیل فراہم کی جائے۔ مذکورہ اسکریپ گاڑیوں اور مشینری کی نیلامی کیلئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔	تفصیل درج ذیل ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	ناکارہ/خراب/ناقابل استعمال/سکریپ	تعداد	ماڈل	کیفیت
1	رومانیہ روڈ رولر	01	1973	محکمہ مواصلات و تعمیرات ڈسٹرکٹ بنوں میں ایک عدد رومانیہ روڈ رولر Condemn حالت میں کھڑی ہے۔ لیکن Delegation of Power Rules 2018 میں کسی آفیسر کو مشنیری کی نیلامی کے اختیارات تفویض نہیں کئے گئے۔ جس کیلئے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ نمبر SOR/2-10/Misc/W&S/2009 مورخہ 08-03-2019 کو بھیجا گیا ہے۔ کیس فنانس ڈیپارٹمنٹ میں زیر غور ہے۔ اختیار ملنے کے بعد ناکارہ مشنیری کی نیلامی کی جائے گی۔
2	موٹر گریڈر	01	1972	ایک عدد موٹر گریڈر خراب حالت میں کھڑی ہے جس کی مرمت کیلئے مبلغ 22 لاکھ روپے درکار ہیں۔
3	سوزوکی جیپ	02	1984	دو عدد سوزوکی جیپ کی باڈیز اور فریم موجود ہیں۔ جو کہ محکمہ انتظامیہ نے نیلام کرنا ہے۔
4	پک اپ	01	1974	ایک عدد شیورلیٹ پک اپ کھڑی ہے۔ جو کہ محکمہ انتظامیہ نے نیلام کرنا ہے۔